ایسی شدید خستہ حالی کو خود علمائے دین کے سامنے پیش کرنے کی غرض سے تیار کی ہوئی میری درخواست (''علم تجوید کے فروغ پر کار آمد تجاویز'' نامی میری کتاب) آپ کی خدمت میں پیش کررہا ہوں۔ اس کتاب کی اشاعت (اپریل ۸۹ء) سے آج تک کے قلیل عرصے میں (جس میں دو مہینے کے کرفیو کی وجہ سے اور فنڈز بھی نہ ہونے کی وجہ سے کام بھی نہ ہوسکا) کئی خطوط' تأثرات اور تبصرے مجھے موصول ہوئے ہیں جن میں علمائے دین' منتظمین مدارس اور اہم شخصیات بھی شامل ہیں۔ ان خطوط میں سے آدھے (دو درجن) خطوط کے فوٹو اسٹیٹ اس خط کے ساتھ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ میری طرف سے کئے ہوئے دیگر اقدامات کی مختصر تفصیل وغیرہ بھی ہیں جسے دیکھنے سے آپ اس مسئلہ کو واضح طور پر اور بخوبی سمجھ لیں گے۔

والسلام
محبوب علی

تعارفِ کتب

○ سیرت البم' مؤلف: شاہ مصباح الدین شکیل

ناشر: پاکستان سٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ داؤد سینٹر مولوی تمیزالدین خان روڈ کراچی

پاکستان سٹیٹ آئل کمپنی غالباً واحد ملکی ادارہ ہے جسے کاروبار کے ساتھ ساتھ اسلامی تعلیمات کی ترویج و اشاعت کے کاموں میں حصہ لینے کا شرف حاصل ہے۔ سیرت طیبہ پر متعدد گراں قدر تصانیف پر بیش قیمت ''سیرت البم'' کا اضافہ یقیناً قابل تحسین اور مبارک ہے جس میں مختلف خاکوں اور نقشوں کے علاوہ بہت سی خوبصورت اور نادر تصاویر جمع کی گئی ہیں۔ اس طرح تحریر اور تصویر کا ایک ایسا خوبصورت امتزاج وجود میں آیا ہے جس سے قاری کے ذہن میں سیرت النبیؐ کے کئی گوشے ازخود روشن ہوتے چلے جاتے ہیں۔

پاکستان سٹیٹ آئل کمپنی کے سربراہ' منتظمین اور کتاب کے مولف شاہ مصباح الدین شکیل صاحب مبارکباد کے مستحق ہیں جن کی دلچسپی اور کاوش کے نتیجے میں یہ خوبصورت اور معلوماتی کتاب تیار ہوئی۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کو شرفِ قبول فرمائے۔